© rasailojaraid.com



# نعت رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وسلم

مولانا دوست محمد ساقی رحمہ اللہ (چنیوٹ)
(فاضل دارالعلوم دیوبند)

کمالِ صبر دینِ عشق میں ضبطِ فغاں تک ہے
کہ درد و سوزِ عشقِ خستگاں دل سے زباں تک ہے

محمد مصطفیٰ بعد از خدا بالا و برتر ہے
عروجِ مصطفیٰ فرشِ زمیں سے لامکاں تک ہے

جہاں تک کام کرتی ہے نگاہِ شوق اے ہمدم
مری حدِ مسافت ، گرم رفتاری وہاں تک ہے

دَرِ اغیار پر کیوں کر ترا دَر چھوڑ کر جاؤں
کہ میری دوڑ اے آقا ! ترے ہی آستاں تک ہے

رسائی دور تک ہے عارفِ اہلِ بصیرت کی
بساطِ ہر حریص و بوالہوس عشقِ بتاں تک ہے

وفورِ غم سے خوں آمیز آنسو تھم نہیں سکتے
کہ خونباریٔ چشمانم میرے خونِ رواں تک ہے

بھلا غم سے کیوں گریاں نہ ہووے ہم نشیں اے دل
سکونِ چشم و دل اس کا بیانِ داستاں تک ہے

خداوندا! بعشقِ مصطفیٰ سوزاں رہوں پیہم
حیاتِ چند روزہ کی فضا قائم جہاں تک ہے

دِلا! اس عالمِ پیری میں سوگندِ خدا مجھ کو
کہ سوزِ عشقِ احمد میرے مغزِ استخواں تک ہے

درِ احمد پہ رحمت نے مجھے جھنجھوڑ کر روکا
کہ تیری حدِ راہِ عشق اے ساقی یہاں تک ہے



© rasailojaraid.com